مریم نواز کے سابق ترجمان اور گورنر سندھ محمد زبیر کے نجی ٹیلی ویژن کو دیے گئے انٹرویو کا معاملہ

- واشنگٹن میں پاکستانی سفیر کے بھجوائے گئے سائفر کے متن، منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش اور اس سے جڑے واقعات کے بعد مریم نواز کے ترجمان کی شہادت جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے غیر آئینی، غیر قانونی اور خلافِ منصب ambitions پر مہرِ تصدیق ثبت کرتے ہیں
- مریم نواز کے ترجمان کی شہادت نے رجیم چینج سازش کے اہداف، طریقۂ کار اور اس میں ملوث کرداروں کو قوم اور تاریخ کے روبرو برہنہ کرکے کھڑا کردیا ہے
- تبدیلیٔ سرکار کی سازش کا نشانہ بننے والے عوام کے منتخب وزیراعظم عمران خان سائفر اور رجیم چینج آپریشن کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ تسلسل سے دہراتے آئے ہیں
- جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ اور نواز شریف سمیت رجیم چینج کے تمام مکروہ کرداروں نے ان تحقیقات کی راہ روکنے کیلئے ہر ممکن ریاستی قوت اور وسائل استعمال کئے
- لازم ہے کہ مشرقی پاکستان کے المناک سقوط کے بعد ملک و قوم کے خلاف ایک سابق آرمی چیف اور عدالتی سزایافتہ مجرموں کے گھناؤنے کردار، ان کے حقیقی عزائم اور ملک قوم پر ان کے تباہ کن اثرات کی تمام پہلوؤں سے قابل بھروسہ تحقیقات کی جائیں
- چیف جسٹس آف پاکستان مریم نواز کے ترجمان محمد زبیر کے بیان کا از خود نوٹس لیں اور ملکی دستوری و جمہوری تاریخ کے اس شرمناک باب کی مفصّل اور بے لاگ تحقیقات کے ذریعے جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ، نواز شریف اور ان کے ساتھی مجرموں کے کڑے محاسبے کا بیڑہ اٹھائے
- تحریک انصاف ان قومی مجرموں سے کسی قسم کی ساز باز کرے گی نہ ہی انہیں اپنے حقیقی انجام سے فرار کی کوششوں میں کامیاب ہونے دے گی

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

مریم نواز کے سابق ترجمان اور گورنر سندھ محمد زبیر کے نجی ٹیلی ویژن کو دیے گئے انٹرویو کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف نے بطور آرمی چیف اپنے حلف سے روگردانی کرنے اور عدالتی سزایافتہ نواز شریف کے ساتھ مل کر منتخب آئینی اور جمہوری حکومت کے خلاف سازشیں کرنے پر جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کو کٹہرے میں کھڑا کرنے کا مطالبہ کر دیا
- افواجِ پاکستان کو براہِ راست سیاست میں ملوث کرنے، فوج کی ساکھ اور ملکی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے پر جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے کورٹ مارشل کا بھی مطالبہ کر دیا
- جمہوریت اور عوام کی منتخب حکومت کے خلاف سازش میں جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کی معاونت کرنے پر نون لیگ کے سربراہ میاں نواز شریف کو بھی شاملِ تفتیش کرنے کی ضرورت پر زور
- ثابت ہو گیا کہ جاتی امراء کے قزاق آئین، قانون، جمہوریت اور عوام کے ووٹ کی حرمت کے خلاف رچائی جانے والی ہر سازش کے مرکزی کردار ہیں
- جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ ہر لحاظ سے ایک قومی مجرم ہے جس نے اپنے ذاتی مفاد کیلئے بحثیت ادارہ فوج، ملک، آئین اور جمہوریت کو داؤ پر لگایا
- رجیم چینج سازش سے لیکر اب تک سامنے آنے والے تمام شواہد اور شہادتیں جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے گھناؤنے کردار پر دلالت کر رہے ہیں
- ایک کے بعد دوسری شہادت یہ واضح کر رہی ہے کہ جنرل (ر) قمر جاوید باوجوہ ملک کو درپیش سیاسی، آئینی، جمہوری، معاشی اور انتظامی بحران کا براہِ راست ذمہ دار ہے
- مریم نواز کے ترجمان نے میاں شریف مرحوم کی اولاد کی آئین، قانون، جمہوریت اور عوام سے وابستگی کی حقیقت بھی ایک اور پہلو سے قوم پر آشکار کر دی ہے

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ